



سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ فیصل آباد

سٹریٹیجک پالیسی یونٹ

انسٹیٹیوٹ آف لرننگ

محکمہ تعلیم

سکول کی ہمہ جہت ترقی

(Whole School Development)

اساتذہ کا چھ روزہ تربیتی ماڈیول (حصہ دوئم)



ماڈیول 2-301

(مئی 2006ء)

G | H | K

GHK in Association with
ARCADIS BMB
Management Consultants

DFID Department for International Development

تربیتی ماڈیول سیریز 300

فہرست عنوانات

فہرست عنوانات

دیباچہ (Preface)



سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ، سٹریٹیجک پالیسی یونٹ (SPU) کے ذریعے محکمہ تعلیم فیصل آباد " تعلیم سب کیلئے (Education for All) " کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے سکول کی ہمہ جہت ترقی کے ماڈل (Whole School Development Model) پر عمل درآمد کررہا ہے۔ اب تک چھ یونین کونسلو میں پائلٹ سٹڈیز کی جا چکی ہیں۔ ان تجربات کی روشنی میں اور Student Learning Acivements Baseline Survey کے نتائج کی بنیاد پر ہیڈ ٹیچرز، سکول کونسلو اور پرائمری سکول کے اساتذہ کیلئے ماہرین تعلیم نے تربیتی مواد تیار کیا ہے۔

یہ اضافی مواد '' سرگرمیوں پر مبنی تربیت (Activity Based Training)'' سے متعلق ہے جو کہ پرائمری جماعتوں کے اساتذہ کو بذریعہ سرگرمی (Activity) 'پڑھانے کے طریقہ کار' سے متعارف کرنے میں مدد دے گا۔ یہ مواد باہمی سرگرمیوں پر مشتمل ہے اور بچوں میں سیکھنے کے عمل کو اس میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔

اساتذہ سکول کی ہمہ جہت ترقی (Whole School Development) کے تحت تیار کردہ تربیتی ماڈیول (حصہ اول) کی تربیت کے بعد تین ہفتوں کے لیے واپس سکول جائیں گے۔ ان تین ہفتوں کے دوران وہ Practitioner Reflective Action Research (PRAR) میں مصروف رہیں گے۔ جس کے بعد وہ ٹریننگ کے دوسرے حصہ کیلئے آئیں گے۔ یہ مواد تین مضامین میں مدد دے گا۔ اس مواد کی بنیاد اُس کتابچہ (Hand Book) پر ہے جو کہ نصاب سے مربوط ہے۔ یہ مواد بچوں میں سیکھنے کے عمل کو بہتر بنانے اور نصاب کو دلچسپ اور موثر انداز میں پڑھانے میں مدد دے گا۔ کمرہ جماعت میں معاونت اور جائزے کے عمل کو محکمہ تعلیم کے افسران اور ٹرینرز سرانجام دیں گے۔

مجھے امید ہے کہ اساتذہ اس مواد سے بھرطور پر مستفید ہونگے اور ضلع فیصل آباد میں ابتدائی تعلیم کے معیار کو بلند کرنے میں کامیاب ہونگے۔

سید ممتاز حسین شاہ
ای ڈی او، ایجوکیشن
سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ فیصل آباد

پہلا دن

مقاصد
(Objectives)

کمرۂ جماعت میں ٹیچرز کے کام
اور تجربے کے بارے میں
اُن سے تاثرات لینا۔

ٹیچرز کے کام پر ٹرینرز کا
اپنے تاثرات بیان کرنا اور
مزید تجاویز دینا۔

پروگرام

پہلا سیشن	بچوں اور اساتذہ کے کام کی نمائش اور عمومی تاثرات (Feed back)
دوسرا سیشن	مضامین کے مطابق گروہی کام
تیسرا سیشن	Presentation and Subject based feedback

پہلا سیشن

بچوں اور اساتذہ کے کام کی نمائش اور عمومی تاثرات (Feed back)

ٹیچر ورکشاپ میں آ کر اپنے بچوں کے کیے ہوئے کام کے نمونوں (Samples) اور تصاویر کی نمائش کریں۔ سبقی خاکے اشارات کے Format کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کریں، دو بچوں کی کیس سٹڈی لکھیں، پیش کریں اور تمام شرکاء ان پر بحث کریں۔







عمومی تاثرات (Feedback)



دوسرا سیشن

مضامین کے مطابق گروہی کام

چار گروپ بنائیں۔



ہر گروپ کے متعلقہ مضمون کے بارے میں ٹرینر، ٹیچرز کے تاثرات لے، ان کے کام پر مزید بحث کرے اور انہیں Feed Back دے۔





کامیاب طریقہ کار / حکمت عملی

درپیش مشکلات

آخر میں ٹرینر بحث کو سمیٹے اور یوں گروپ کے تاثرات / جوابات تیار ہو جائیں گے۔

ٹرینرز نوٹ (Trainer's Notes)

تیسرا سیشن

Presentation and Subject based Feed back

پھر تمام گروپ (مضامین کے لحاظ سے) Presentation دیں اور ہر مضمون کے ٹرینرز اپنی تجاویز اور تاثرات بیان کریں۔

Presentation









Feed Back



Presentation



Feed Back



Presentation



Feed Back





مقاصد
(Objectives)

- بچوں کی سیکھنے کے عمل (Learning) میں سوال کرنے (Questioning) کا کیا کردار ہے؟
- سوال کرنے (Questioning) کی مہارت کو مؤثر انداز میں کس طرح استعمال کیا جاسکتا ہے؟
- گروپ ورک کے دوران شرکاء کی باہمی شراکت اور Questioning کا مقام۔

پروگرام

پہلا سیشن	Questioning
دوسرا سیشن	ریاضی میں مسائل کا حل (Problem solving)
تیسرا سیشن	سائنس میں مفروضہ بنانا

پہلا سیشن

Interactive لرننگ میں Questioning کا کردار

Activity **(Brainstorming)**

شرکاء سے پوچھا جائے کہ سکول میں آنے سے پہلے بچے کس طرح کے سوالات کرتے ہیں؟



متوقع جوابات

- ☆ یہ کیا ہے؟
- ☆ یہ کس لیے ہے؟
- ☆ اسے کون لایا ہے؟


اس کے بعد واضح کیا جائے کہ سوال پوچھنا انسان کی فطرت میں شامل ہے۔ بچے سوالات کر کے اپنے ارد گرد کی دنیا سے تعلق پیدا کرتے ہیں اور اس کے متعلق بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ حقیقی لرننگ ہمیشہ Questioning سے ہی شروع ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ انسان فطرتاً سوالات کرنے والا، جوابات دینے والا اور مسائل حل کرنے والا ہے۔ بچے ابتدا ہی سے بہت سے سوالات کرتے ہیں لیکن وقت کے ساتھ ساتھ گھر اور کلاس کے ماحول کی وجہ سے بچوں کی یہ صلاحیت دبتی چلی جاتی ہے۔ اس طرح بچے کی Questioning کی صلاحیت اتنی متاثر ہو جاتی ہے کہ وہ صرف انتظامی امور کے متعلق ہی سوالات کرتے ہیں۔ نتیجتاً حقیقی لرننگ کے متعلق Questioning بہت کم رہ جاتی ہے۔

ٹیچر۔سٹوڈنٹ لرننگ میں Questioning کا کردار

کہا جاتا ہے کہ

- To question well is to teach well.
- Questioning is a key tool in interactive learning.

لرننگ کے عمل میں (Teacher-Student) Questioning کو ہم تین طرح سے دیکھ سکتے ہیں:۔




اس عمل میں ٹیچر کچھ علم حاصل کرتا ہے اور پھر وہ یہی علم (Knowledge) اپنی کلاس میں بچوں کو کسی بھی طریقہ سے ٹرانسفر کرنے کی کوشش کرتا ہے لیکن اس دوران (سٹوڈنٹس) بچے Passive learner کے طور پر حصہ لیتے ہیں اور ٹیچر سٹوڈنٹ Questioning نہیں ہوتی۔ جس کے نتیجے میں بچے کی لرننگ نہیں ہوتی۔

آپ کے خیال میں اگر Gap ہے تو کہاں ہے؟



متوقع جوابات

☆ استاد کا رویہ بچوں کے ساتھ دوستانہ نہیں ہے، بچوں پر دباؤ ہے اور وہ سوالات نہیں کر سکتے۔




اس Process میں بچے / سٹوڈنٹس کچھ پڑھ کے آتے ہیں اور آ کر اپنے ٹیچر سے Questioning کرتے ہیں چونکہ ٹیچر کے پاس مناسب علم (Knowledge) نہیں ہے اس لئے وہ سٹوڈنٹس کے سوالات کے مناسب جوابات نہیں دیتا یا اپنے رویے سے اسے دبا دیتا ہے۔ اس طرح بچے کی Questioning کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے اور نتیجتاً ٹیچر، سٹوڈنٹس لرننگ بھی نہیں ہوتی۔

آپ کے خیال میں کمی کہاں ہے؟



متوقع جوابات

☆ ٹیچر کا لرننگ Attitude نہیں ہے۔ اس لیے وہ نہ تو خود اپنے تصورات واضح کرنے کی کوشش کرتا ہے اور نہ ہی بچوں کی بہتر لرننگ کیلئے ان کے سوالات کے مناسب جوابات دے سکتا ہے۔



اس عمل میں استاد اپنےTopic کا علم کسی بھی ذرائع سے (کتاب / اپنے ساتھیوں سے) حاصل کرتا ہے اور وہ یہی علم اپنی کلاس میں بچوں کو ٹرانسفر کرتا ہے۔ کلاس کا ماحول ایسا ہوتا ہے کہ بچے آزادانہ جس بات کی سمجھ نہ آئے سوالات کرتے ہیں اور ٹیچرز بھی ان سوالات کا صحیح جواب دیتے ہیں بلکہ جو بات ٹیچر پر واضح نہیں ہے وہ دوبارہ کتاب سے یا کسی اور ذرائع سے پہلے خود سمجھتا ہے۔ بچے بھی اپنی کتاب سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اب ٹیچر، سٹوڈنٹس کی میٹنگ میں Cross Questioning ہوتی ہے اس طرح ٹیچر، سٹوڈنٹس دونوں کے تصورات واضح ہو جاتے ہیں اور دونوں کی بھرپور لرننگ ہوتی ہے۔

آپ کے خیال میں کونسا عمل سب سے بہتر ہے اور کیوں؟




متوقع جوابات


☆ تیسرے مرحلے میں بتایا گیا عمل سب سے بہتر ہے، کیونکہ اس میں استاد اور بچوں کے درمیان ایک دوستانہ ماحول ہے۔ ٹیچر سٹوڈنٹ کے درمیان مثبت Questioning کی وجہ سے دونوں کی بہترین لرننگ ہوتی ہے۔

اوپر والے تینوں مراحل میں کلاس روم اور اس کے ماحول کو کچھ یوں واضح کیا جا سکتا ہے۔

عام کلاس روم اور اس کا ماحول



ایسا کلاس روم جہاں Questioning کی آزادی ہے۔





آپ کے خیال میں کونسا ماحول اچھا ہے اور کیوں؟

....

....

....

متوقع جوابات

☆ ایسا کلاس روم جہاں Questioning کی مکمل آزادی ہو۔

چھوٹے بچوں کے لیول پر Questioning کی اقسام

Activity **(Brainstorming)**

آپ کے خیال میں چھوٹے بچوں میں تجسس، شوق اور دلچسپی ابھارنے کیلئے ان سے کس قسم کے سوالات کئے جاسکتے ہیں؟



متوقع جوابات

☆ پہیلیاں، ☆ بچے کی پسند اور ناپسند کے متعلق سوالات۔

☆ بچے کے والدین اور بہن بھائیوں کے متعلق سوالات۔

عام طور پر چھوٹے بچوں کے لئے تین طرح کے سوالات بنائے جاسکتے ہیں۔

(i) Conversational Question (گفتگو شروع کرنے والے سوالات)

اس قسم کے سوالات ٹیچر بچوں سے ان کی فیملی، شہر، ملک اور سکول وغیرہ کے متعلق پوچھتا ہے۔

آپ کے خیال میں Conversational Questions کون کونسے ہوسکتے ہیں۔



متوقع جوابات

☆ آپ کا نام کیا ہے؟ ☆ آپ کہاں رہتے ہیں؟ ☆ آپ کے سکول کا کیا نام ہے؟

(پہیلیاں)Riddles (ii)

یہ بچوں کی سوچ، تخیل اور تجسس کو ابھارنے کا ایک دلچسپ طریقہ ہے۔

آپ کون کونسی پہیلیاں چھوٹے بچوں سے پوچھ سکتے ہیں؟



....

....

متوقع جوابات

☆ مثلاً کالا ہے پر کوا نہیں، پیڑ پر چڑھے پر بندر نہیں، کمر پتلی پر چیتا نہیں (بوجھیں جائیں؟) وغیرہ، وغیرہ

(تخلیقی سوالات)Creative Questions (iii)

اس میں ٹیچر بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارنے کیلیے ان کی پسند اور ناپسند، مختلف مسائل وغیرہ کے بارے میں ان کی رائے جاننے کیلیے سوالات کر سکتا ہے۔ ٹیچر کو چاہیے کہ بچوں کی رائے اور ان کے انتخاب کو اہمیت دے اور کسی بھی طرح ان کی حوصلہ شکنی نہیں کرنی چاہیے ورنہ بچے اپنی رائے کا اظہار کرنا چھوڑ دیں گے۔

تخلیقی سوالات مختلف انداز سے پوچھے جاسکتے ہیں۔ مثلاً

a: Open-ended Question پوچھنا:۔

ایسا سوال جسکے ایک سے زیادہ جوابات ممکن ہوں اور اس میں جواب دینے والے کی اپنی رائے شامل ہو مثلاً بچوں کو کوئی تصویر دکھائی جائے اور اسکے متعلق ایسے سوالات کیئے جائیں جن سے ان میں سوچنے اور اپنی رائے دینے کی تحریک پیدا ہو۔ مثال کے طور پر پوچھا جاسکتا ہے کہ اس تصویر میں مختلف لوگ کیا کر رہے ہیں؟

آپ کے خیال میں بچوں سے اس طرح کے کونسے سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔



....

....

متوقع جوابات

☆ تصویر دیکھ کر کہانی لکھیں؟ ☆ آلودگی کو کیسے کم کیا جاسکتا ہے؟ ☆ ایک اچھا سکول کیسا ہونا چاہیے؟

b: حواس کے استعمال کے متعلق سوالات پوچھنا (Asking children to use their senses)

بچے اپنے حواس کے ذریعے سیکھتے ہیں۔

مثال کے طور پر بچوں سے پوچھا جائے کہ وہ اپنی آنکھوں کو بند کر کے مختلف آوازیں سنیں اور انہیں پہچانیں۔

آپ بچوں سے حواس کے استعمال کے ذریعے کون کونسے سوالات پوچھ سکتے ہیں؟



....

....

متوقع جوابات

- ایک پلیٹ میں پسا ہوا نمک اور دوسری پلیٹ میں پسی ہوئی چینی رکھی جائے اور بچوں سے کہا جائے کہ زبان سے چکھ کر بتائیں کہ کونسی چینی اور کونسا نمک ہے۔ وغیرہ، وغیرہ

c: موجودہ صورت حال میں تبدیلی کے متعلق سوالات پوچھنا (Asking Questions about change)

یہ سوالات بچوں میں تخلیقی صلاحیتیں پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں کیونکہ انہیں موجودہ صورت حال میں ہونے والی تبدیلی کے متعلق تصور کرنا پڑتا ہے۔

آپ بچوں سے مزید کیسے سوالات پوچھ سکتے ہیں؟



....

....

متوقع جوابات

- اگر انسان اڑ سکتا تو کیسا ہوتا؟
- اگر مچھلی پانی کی بجائے کشتی پر رہ سکتی تو کیسی ہوتی؟
- اگر آم میٹھا ہونے کی بجائے نمکین ہوتا تو کیسا لگتا؟
- اگر پرندہ نہ اُڑتا تو کیسا ہوتا؟

d: ایسے سوالات پوچھنا جن کے جوابات مختلف ہوں (Asking Questions with various Answers)

آپ کسی بھی وقت بچوں سے ایسے سوالات پوچھ سکتے ہیں جن کے ایک سے زیادہ جوابات ہوں مثلاً

متوقع جوابات

- پانی کے استعمالات کیا ہیں؟
- پانی میں کون کون سے جانور رہتے ہیں؟
- کونسی چیز پانی میں تیرتی ہے؟
- کون سی چیز پانی میں ڈوب جاتی ہے؟
- گرمیوں میں کونسا پھل ہوتا ہے؟
- کونسی چیز پانی میں حل ہو جاتی ہے؟

آپ بچوں سے اس قسم کے کون کونسے سوالات پوچھ سکتے ہیں؟



....

....

....

e: "اگر ایسا ہوتا تو کیا ہوتا"؟ (What would happen if .....) جیسے سوالات پوچھنا۔

یہ سوالات بچوں کے لئے لطف کا باعث بنتے ہیں اور بچوں میں تخلیقی صلاحیت اجاگر کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں مثلاً

آپ بچوں سے اس قسم کے کون کونسے سوالات پوچھ سکتے ہیں؟



....

....

....

متوقع جوابات

- کیا ہوتا اگر پانی نہ ہوتا؟
- کیا ہوتا اگر دن نہ ہوتا؟
- کیا ہوتا اگر سورج نہ ہوتا؟
- کیا ہوتا اگر رات نہ ہوتی؟
- کیا ہوتا اگر تمام لوگ ایک جیسے کپڑے پہنتے؟
- کیا ہوتا اگر کوئی اپنا گھر صاف نہ کرتا؟

Asking in how many different ways...question :f

ایسے سوالات بھی بچوں کی تخلیقی سوچ کو ابھارتے اور وسیع کرتے ہیں۔مثال کے طور پر۔۔۔

آپ بچوں سے اس قسم کے کون کونسے سوالات پوچھ سکتے ہیں؟



متوقع جوابات

- ★ ایک رسی کو کتنے مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاسکتا ہے؟
- ★ ایک بٹن کو کتنے مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاسکتا ہے؟

سرگرمی:۔ شرکاء کو کہا جائے کہ تصویر کو دیکھیں اور چھوٹے بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق سوالات بنائیں اور ان میں سے Close ended اور Open ended سوالات الگ الگ کریں۔



نوٹ: Close ended Question ایسا سوال جس کا عام طور پر ایک ہی جواب ہو اور جواب دینے والے کو اس کیلئے زیادہ سوچنا نہ پڑے۔
Open ended Question ایسا سوال جس کے ایک سے زیادہ جوابات متوقع ہوں اور اس میں جواب دینے والے کی اپنی سوچ بھی شامل ہو۔

دوسرا سیشن ریاضی میں مسائل کا حل (Problem Solving in Maths)

سرگرمی Brainstorming

ریاضی میں Problem Solving کیوں مشکل ہے؟



....

....

....

....

متوقع جوابات

- بچوں کو سوالات کی عبارت پڑھنی نہیں آتی۔
- بنیادی عوامل ضرب اور تقسیم مشکل سے سمجھ میں آتے ہیں۔
- مناسب سرگرمیاں نہیں کروائی جاتیں۔وغیرہ وغیرہ۔

ٹرینر شرکاء کے جوابات میں سے Problem Solving میں مشکلات کو تین Categories میں تقسیم کرے گا۔

Language	Methodology/Activity	Basic operation understanding(+, -, x, ÷)
☆ بچوں کو سوالات کی عبارت نہیں پڑھنی آتی۔	☆ مناسب سرگرمیاں نہیں کروائی جاتیں۔	☆ تقسیم مشکل سے سمجھ آتی ہے۔
....	....	....
....	....	....
....	....	....
....	....	....
....	....	....

سرگرمی

شرکاء کو تین گروپس میں تقسیم کیا جائے۔ ہر گروپ کو Problem Solving میں مشکلات کی ایک Category دی جائے اور ان سے کہا جائے کہ اس سلسلے میں بچوں کو کون کونسی مشکلات ہیں اور انہیں حل کرنے کیلئے آپکی کیا کیا تجاویز ہیں۔ ہر گروپ اپنی Presantation ذیل میں دیئے گئے Format کے مطابق تیار کرسکتا ہے۔

Language میں مشکلات	حل کے لئے تجاویز

ہر گروپ سے Presentation لی جائے۔ آخر میں ٹرینر Feed Back اور اپنی تجاویز بھی دے۔

سرگرمی Brainstorming

پرائمری کلاسز میں ریاضی کے مشکل تصورات کون کون سے ہیں؟



متوقع جوابات

★ مقامی قیمت ★ کسور ★ تفریق باحاصل

ٹرینر مشکل تصورات کے لحاظ سے شرکاء کو گروپس میں تقسیم کرے۔ مثلاً

★ کسور (Fraction)

★ مقامی قیمت (Place Value)

★ تفریق باحاصل (Subtraction & carrying)

★ ضرب (Multiplication)

★ تقسیم (Division)وغیرہ

ہر گروپ کو ان میں سے ایک تصور دیں۔ سوچیں اس تصور کو سرگرمیوں کے ذریعے کس طرح آسان بنایا جاسکتا ہے۔

تصور واضح کرنے کیلئے تجاویز/سرگرمیاں



آخر میں ہر گروپ سے Presentation لی جائے ٹرینر اپنی طرف سے Feed Back اور تجاویز بھی شرکاء سے Share کرے۔

تیسرا سیشن سائنس میں مفروضہ بنانا

سائنس میں مفروضہ بنانا

مفروضے کی اہمیت

سائنس مفروضوں کے ذریعے آگے بڑھتی ہے۔ سائنس دان کسی مسئلے یا قدرتی مظہر سے متعلق موجود معلومات اور مشاہدات کی روشنی میں مفروضے بناتے ہیں۔ جنھیں تجربات کے ذریعے پرکھا جاتا ہے۔ تجرباتی تصدیق کے بعد ایک مفروضہ سائنسی کلیہ یا قانون بن جاتا ہے۔

شرکاء کو پانچ گروپس میں تقسیم کریں۔

ہر گروپ کو ایک سرگرمی کرنے کو دیں۔ گروپس میں سرگرمیوں کو دہرائیں تاکہ تمام شرکاء کو پانچوں سرگرمیاں کرنے کا موقع ملے۔ اُن سے کہیں کہ وہ اپنے مفروضات ٹریننگ نوٹ بک پر لکھتے جائیں۔

سرگرمی



تصور:

- ★ جلنے کے لئے آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے۔ ★ جلنے سے آبی بخارات پیدا ہوتے ہیں۔

ایک پلیٹ میں پانی ڈالیں اور اس میں ایک جلتی ہوئی موم بتی پر ایک گلاس اُلٹا رکھ دیں۔

- ★ مشاہدہ کریں کہ موم بتی پر گلاس اُلٹا رکھنے سے کیا ہوتا ہے؟
- ★ مشاہدہ کے نتیجے میں مفروضہ قائم کریں کہ ایسا کیوں ہوا؟



سرگرمی

تصور:

☆ میگنٹ لوہے اور لوہے کی بنی ہوئی اشیاء کو کشش کرتے ہیں۔

تین کپڑے کے ٹکڑے لیں۔ایک میں چھوٹے پتھر، دوسرے میں لکڑی اور پلاسٹک کے ٹکڑے اور تیسرے میں لوہے کے چھوٹے ٹکڑے اس طرح باندھیں کہ ٹکڑے نظر نہ آئیں۔پھر ایک بچے کو میگنٹ دیکر کہیں کہ وہ باری باری تینوں باندھے ہوئے ٹکڑوں کے قریب لائے اور باقی بچے مشاہدہ کریں

☆ جب میگنٹ کو کپڑے کے قریب لاتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟

☆ کیا میگنٹ نے تمام چیزوں یا ٹکڑوں کو کشش کیا؟

☆ اس سے کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

پھر بعد میں تمام ٹکڑے بچوں کو دکھائے جائیں۔



سرگرمی

تصور:

☆ میگنٹ کے ایک جیسے پول دفع اور مخالف پول ایک دوسرے کو کشش کرتے ہیں۔

دو مقناطیسوں کے نارتھ پول اور ساؤتھ پول (North & South Pole) ایک دوسرے کے قریب لائیں۔

☆ اگر دو نارتھ پول قریب لائیں تو کیا ہوتا ہے؟

☆ ایک نارتھ اور ایک ساؤتھ پول کو قریب لائیں تو کیا ہوتا ہے؟

☆ ایسا کیوں ہوتا ہے؟



سرگرمی

تصور:

☆ رگڑ سے حرارت پیدا ہوتی ہے۔

بچوں کو کہا جائے کہ اگر وہ اپنے ہاتھ آپس میں رگڑیں تو کیا ہوتا ہے؟ کیوں ہوتا ہے؟

پھر بچوں کو دو پتھر دے کر رگڑنے کیلئے کہا جائے کہ

☆ کیا ہوتا ہے؟



سرگرمی

تصور:

☆　ہوا وزن رکھتی ہے۔

ایک چھڑی لیں اس کے درمیان میں دھاگہ باندھیں۔ چھڑی کے ایک سرے پر ایک لفافہ جس میں ہوا بھری ہو اور دوسرے سرے پر ایک ایسا لفافہ جس میں ہوا نہ بھری ہو لٹکا دیں اور بچوں سے مشاہدہ کروائیں کہ

☆　کونسا سرا وزنی ہے؟

☆　کیوں وزنی ہے؟

☆　اس سے آپ نے کیا نتیجہ اخذ کیا؟

ٹرینر شرکاء کے بنائے ہوئے مفروضات کو زیرِ بحث لائے اور مختلف تصورات کی وضاحت کیلئے مزید سوالات کرے۔



تیسرا دن

مقاصد
(Objectives)

مختلف ذہنی صلاحیتوں والے بچوں کو پہچان سکیں۔

سبق کو مختلف ذہنی صلاحیتوں والے بچوں کی ضروریات کے مطابق پڑھا سکیں۔

بچوں کے مسائل حل کرنے میں بچوں کی مدد کر سکیں۔

پروگرام

پہلا سیشن	نفس مضمون اور سوالات (Questioning)
دوسرا سیشن	Brain Storming
تیسرا سیشن	کیس سٹڈیز (Case Studies)

پہلا سیشن متن پر سوالات (Questioning on the Text)

نفسِ مضمون کے متعلق سوالات کرنا۔

Reading Comprehension پر گروہی سرگرمی۔

On the line, Between the line, Beyond the line

Language کی سرگرمیاں

Picture Questioning, Factual recall, Sequencing, Role Play

☆ تمام شرکاء کو Rainy Day کی کہانی کا تعارف کروائیں اور بتائیں کہ کس طرح اس کی (Vocabulary) ذخیرۂ الفاظ اور نفسِ مضمون، اردو اور انگلش کی درسی کتاب کے اسباق کے ساتھ مربوط ہیں۔

☆ ہر تین شرکاء کو ایک کتاب دیں۔ تصویروں کی طرف دیکھیں اور کہانی کے متعلق Open ended سوالات پوچھیں۔

☆ کہانی پڑھیں اور صفحہ پلٹنے سے پہلے پیش گوئی کے لئے سوالات پوچھیں۔ جب کہانی مکمل ہو جائے تو مندرجہ ذیل سوالات گروپس میں دیئے جائیں۔

Group 1
Factual Recall Reading Comprehension Questions
Participants should go back to the text for their answers.

Factual Recall 1
True or False

In your group decide if the answer is true or false!

		T	F
1.	Arif sells fruit and vegetable from his car.	☐	☐
2.	People buy vegetables in dozens.	☐	☐
3.	Nasir and Amina are playing in the rain.	☐	☐
4.	The ground is dry.	☐	☐
5.	Children help Asad to get on the cart.	☐	☐
6.	The doctor says, 'Poor Asad his arm is hurt!'	☐	☐

Factual Recall 2

Choose the right answer

1. Arif sells
   a. clothes **b.** medicine **c.** shoes **d**. Fruits and vegetables
2. Arif is in the
   a. house **b**. playground **c**. street **d**. school
3. It is a
   a. sunny day **b**. stormy day **c**. windy day **d**. rainy day
4. A boy gets
   a. hot **b**. hurt **c**. hungry
5. Vegetables are sold by
   a. dozens **b**. kilos **c**. Liters
6. The children go home
   a. on the bus **b**. in a car **c**. with the doctor **d**. on the donkey cart

Beyond the Line Reading Comprehension

Turn the story into a drama and act it out.



Sequencing: (this group needs blank paper, the photocopy, gum and scissors)

Arrange these sentences in the right sequence.

'I will call my father for help' says Nasir.

Ali says, 'Poor Asad! His leg is hurt.'

Ali, Tipu and Nasir come to his help.

Asad cannot stand.

Children come out of their houses.

Children throw water on each other.

His father comes on his donkey cart.

His leg is hurt.

One boy Asad falls down.

The children help Asad to get on the cart.

The children push each other.

They are playing in the rain.

'What shall we do?' Tipu says.

دوسرا سیشن سرگرمی (Brainstorming)

☆ کون سی مشکلات بچوں کی لرننگ میں رکاوٹ بنتی ہیں؟

ٹرینر بورڈ پر لوگوں کی آراء لکھتا جائے۔

☆ اس کے بعد ٹرینر شرکاء کو تین گروپس میں تقسیم کرے۔ ہر گروپ کو ایک چارٹ دیا جائے جس پر وہ منتخب شدہ نوعیت کے مسائل لکھے۔

گروپ I طبعی مسائل	گروپ II علمی/ذہنی مسائل	گروپ III جذباتی مسائل

ہر گروپ کا لیڈر اپنے مسائل اور ان کا حل پیش کرے۔



تیسرا سیشن سرگرمی

شرکاء کو گروپس میں تقسیم کریں۔ ہر گروپ کو ایک ایک کیس سٹڈی دیں

ہر گروپ اپنی کیس سٹڈی کو گروپ کے اندر پڑھے اس پر بحث کر کے کیس سٹڈی کے آخر میں لکھے گئے سوالات کے جوابات سوچے اور پھر سب کے سامنے پیش کرے۔ نمونے کے طور پر درج ذیل کیس سٹڈیز دی گئی ہیں۔

کیس سٹڈی 1

ظفر کی عمر چھ سال ہے۔ اس کے والدین ان پڑھ ہیں اور وہ دس بچوں میں سب سے چھوٹا ہے۔ وہ چھوٹا سا دبلا پتلا لڑکا ہے۔ وہ جماعت میں کم دلچسپی لیتا ہے اور سوالات کے کبھی کبھار ہی جواب دیتا ہے۔ وہ جماعت میں پیچھے بیٹھتا ہے۔ وہ سلیقہ مند نہیں ہے اور اکثر چیزوں کے ساتھ ٹکراتا ہے۔ وہ مسائل پیدا نہیں کرتا ہے لیکن امتحان میں اس نے کسی سوال کا درست جواب نہیں دیا۔ اس کا ایک دوست ہے جو اکثر اس کو سوال بتاتا ہے۔

سوال نمبر 1 اس کے مسائل کیا ہیں؟

سوال نمبر 2 بطور ٹیچر آپ ظفر کے مسائل حل کرنے کیلئے کیا مدد کر سکتے ہیں؟



کیس سٹڈی نمبر 2

عارف کی عمر آٹھ سال ہے۔ وہ پہلی جماعت میں ہے۔ وہ گاؤں میں اپنی دادی کے ساتھ رہتا ہے۔ اس کی دادی نابینا اور غریب ہے۔ عارف اکثر غیر حاضر رہتا ہے۔ جب وہ جماعت میں ہوتا ہے تو وہ ذہین ہوتا ہے اور دلچسپی لیتا ہے۔ سوالوں کے جواب دیتا ہے لیکن علم اور تفہیم کی کمی ہے کیونکہ وہ اکثر غیر حاضر رہتا ہے۔ اس میں برداشت کم ہے اور اکثر ان بچوں کے ساتھ الجھتا رہتا ہے جو اسے اسکی دادی کے بارے میں تنگ کرتے ہیں۔ وہ کبھی اپنے والد اور والدہ کے متعلق بات نہیں کرتا ہے۔

سوال نمبر 1 عارف کے مسائل کیا ہیں؟

سوال نمبر 2 بطور ٹیچر آپ عارف کے مسائل حل کرنے کیلئے کیا مدد کر سکتے ہیں؟



کیس سٹڈی 3

نسرین کی عمر گیارہ سال ہے۔ وہ ابھی جماعت دوئم میں داخل ہوئی ہے۔ وہ ایک لمبے قد کی لڑکی ہے اور شوق سے سکول جاتی ہے لیکن جماعت میں اس کی کوئی دوست نہیں۔ کھیل کے وقت وہ جماعت چہارم اور پنجم کی لڑکیوں کے ساتھ کھیلتی ہے۔ نسرین سخت کوشش کرتی لیکن دور بورڈ سے وہ نہیں پڑھ سکتی ۔ اس کا کام صاف ستھرا نہیں ہوتا اور اس کی لکھائی اچھی نہیں ہے۔ اسے Spellings مشکل لگتے ہیں۔ ریاضی میں گنتی گن سکتی ہے لیکن ہندسوں کو مختلف عوامل میں استعمال نہیں کرسکتی۔

سوال نمبر 1　　نسرین کے مسائل کیا ہیں؟

سوال نمبر 2　　بطور ٹیچر آپ نسرین کے مسائل حل کرنے میں کیا مدد کرسکتے ہیں؟



کیس سٹڈی 4

آمنہ کی عمر چھ سال ہے اور ابھی ابھی جماعت اول میں داخل ہوئی ہے۔ صبح سکول آتے ہوئے ہر روز وہ روتی ہے بعض اوقات اس کے بازوؤں اور چہرے پر چوٹ کے نشان ہوتے ہیں اگر ٹیچر اس کی طرف آئے تو وہ ڈر جاتی ہے اور پیچھے ہٹتی ہے۔ آمنہ حروفِ تہجی اور گنتی سیکھ رہی ہے لیکن اگر اس سے ٹیچر کوئی سوال کرے تو وہ جواب نہیں دیتی اگر ٹیچر اسکی حوصلہ افزائی کرنے لگے تو وہ رونے لگتی ہے یا جماعت سے بھاگ جاتی ہے۔ دوسری بچیاں اسکے ساتھ نہیں کھیلتیں اور بچیاں کہتی ہیں کہ وہ گندی ہے اور اس سے بدبو آتی ہے۔

سوال نمبر 1　　آمنہ کے مسائل کیا ہیں؟

سوال نمبر 2　　بطور ٹیچر آپ آمنہ کے مسائل حل کرنے میں کیا مدد کر سکتے ہیں؟

ہر گروپ کی Presentation پر ٹرینر بھی Feed back دے۔





Strategic Policy Unit
D.C.O. Office
Near Iqbal Stadium Faisalabad
Pakistan
Tel / Fax: +92 (0) 419201256
Tel / Fax: +92 (0) 419201257
E-mail: email@spu.com.pk
Internet: http://www.spu.com.pk

Education Department
Institute of Learning
Govt. Technical High School,
Peoples Colony, Near D-Ground,
Faisalabad, Pakistan
Tel / Fax: +92 (0) 41 9220536-7
Edu. Dept. Tel: +92 (0) 41 9220342
Edu. Dept. Fax: +92 (0) 41 9220107

Management Consultants
GHK International Ltd.
526 Fulham Road, London, SW6 5NR
United Kingdom
Tel: +44 (0) 20 74718000
Fax: +44 (0) 20 7736 0784
E-mail: email@ghkint.com
Internet: http://www.ghkint.com
Internet: http://www.ghkpak.com